# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Monday, the 29th September, 2025 at 5.00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### QUESTIONS

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**3.** **MR. ANJUM AQEEL KHAN** **MR. IBRAR AHMAD** to invite attention of the Minister for Interior to a matter of urgent public importance regarding delay in payment to persons whose land was acquired by the CDA in Sectors E-12, C-13, C-14, C-15, C-16 and H-16, Islamabad, causing grave concern amongst the public.

### LEGISLATIVE BUSINESS

**4.** Consideration of the following motion moved by **MR. BILAL AZHAR KAYANI,** Minister of State for Railways and Finance and Revenue**,** on 11th August, 2025:-

> "that the Bill to provide for reforms of the regulatory regime applicable to business, trade and investment by removing cumbersome and complex regulatory requirements and to establish the Pakistan Regulatory Registry and the Pakistan Business Portal [The Asaan Karobar Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**5.** **MR. QAISER AHMED SHEIKH,** Minister for Board of Investment, to move that the Bill to provide for reforms of the regulatory regime applicable to business, trade and investment by removing cumbersome and complex regulatory requirements and to establish the Pakistan Regulatory Registry and the Pakistan Business Portal [The Asaan Karobar Bill, 2025], be passed.

**6.** **SENATOR AHAD KHAN CHEEMA,** Minister for Economic Affairs and Establishment, to move that the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**7.** **SENATOR AHAD KHAN CHEEMA,** Minister for Economic Affairs and Establishment, to move that the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**8.** **MIAN RIAZ HUSSAIN PIRZADA,** Minister for Housing and Works, to move that the Bill to provide for establishment of Pakistan Infrastructure Development and Assets Management Authority [The Pakistan Infrastructure Development and Assets Management Authority Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**9.** **MIAN RIAZ HUSSAIN PIRZADA,** Minister for Housing and Works, to move that the Bill to provide for establishment of Pakistan Infrastructure Development and Assets Management Authority [The Pakistan Infrastructure Development and Assets Management Authority Bill, 2025], be passed.

## MOTION OF THANKS

**10.** **Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12th March, 2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**11.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**12.** **MR. MUHAMMAD RIAZ FATYANA,** to invite attention of the Minister-in-Charge of the Cabinet Secretariat to a matter of urgent public importance regarding poor performance of the National Disaster Management Authority (NDMA) in the villages of Tehsil Kamalia, Pir Mehal, Tandlianwala and Chicha Watni in District Toba Tek Singh during recent floods, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**28th September, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر، ۲۹ ستمبر، ۲۰۲۵ء شام پانچ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **جناب انجم عقیل خان** **جناب ابرار احمد** وزیر برائے داخلہ کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو سی ڈی اے کی جانب سے سیکٹر ای۔۱۲، سی۔۱۳، سی۔۱۴، سی۔۱۵، سی۔۱۶/اور ایچ۔۱۶، اسلام آباد میں حاصل کردہ اراضی کے افراد کو ادائیگی کرنے میں تاخیر سے متعلق ہے۔

### قانون سازی

۴۔ **جناب بلال اظہر کیانی**، وزیر مملکت برائے ریلوے اور خزانہ و محاصل کی جانب سے ۱۱/اگست، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر غور:۔
"کہ کاروبار، تجارت اور سرمایہ کاری کے لیے قابل اطلاق انضباطی نظام میں مشکل اور پیچیدہ انضباطی تقاضوں کو ختم کر کے اصلاحات لانے اور پاکستان انضباطی رجسٹری اور پاکستان کاروباری پورٹل کے قیام کی بابت احکام وضع کرنے کا بل [آسان کاروبار بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔"

۵۔ **جناب قیصر احمد شیخ**، وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ تحریک پیش کریں گے کہ کاروبار، تجارت اور سرمایہ کاری کے لیے قابل اطلاق انضباطی نظام میں مشکل اور پیچیدہ انضباطی تقاضوں کو ختم کر کے اصلاحات لانے اور پاکستان انضباطی رجسٹری اور پاکستان کاروباری پورٹل کے قیام کی بابت احکام وضع کرنے کا بل [آسان کاروبار بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۶۔ **سینیٹر احد خان چیمہ**، وزیر برائے اقتصادی امور و عملہ تحریک پیش کریں گے کہ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۷۔ **سینیٹر احد خان چیمہ**، وزیر برائے اقتصادی امور و عملہ تحریک پیش کریں گے کہ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۸۔ **میاں ریاض حسین پیرزادہ**، وزیر برائے مکانات و تعمیرات تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ و انتظام اثاثہ جات اتھارٹی کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [پاکستان انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ و انتظام اثاثہ جات اتھارٹی بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**۹۔ میاں ریاض حسین پیرزادہ،** وزیر برائے مکانات و تعمیرات تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ و انتظام اثاثہ جات اتھارٹی کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [پاکستان انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ و انتظام اثاثہ جات اتھارٹی بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

## تحریک تشکر

**۱۰۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری،** وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

**۱۱۔** قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

**۱۲۔ جناب محمد ریاض فتیانہ** وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو حالیہ سیلابوں کے دوران ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں تحصیل کمالیہ، پیر محل، تاندلیانوالہ اور چیچہ وطنی کے موضعات میں نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کی ناقص کارکردگی سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۲۸ ستمبر، ۲۰۲۵ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**